ہمارے اطراف میں پیٹرن

ہم روز کئی طرح کے بہت سے پیٹرن دیکھتے ہیں۔

مثال کے طور پر۔

اپنے چاروں طرف دیکھیے اور ایسی تین چیزوں کے نام لکھیے جن میں آپ کو کچھ پیٹرن نظر آتے ہوں۔

کچھ ایسے پیٹرن بنائیے جسے آپ اپنے چاروں طرف پاتے ہیں۔

انھوں نے بلاک کو بار بار استعمال کرکے یہ ڈیزائن بنائے ہیں۔ ایک دن مجھے ایک بلاک ملا اور میں نے ایک خوبصورت ڈیزائن بنا ڈالا۔

آپ ذرا غور سے دیکھیں گے تو پتہ چلے گا کہ یہ ڈیزائن ایک ہی بلاک کو الگ الگ طریقے سے استعمال کرکے بنائے گئے ہیں۔

جس طریقے سے ہر بلاک کو دہرایا گیا ہے کیا آپ اس میں کوئی پیٹرن دیکھ رہے ہیں؟

2019-20

تصویروں کے پیٹرن

میں نے تصویروں کے کچھ پیٹرن بنائے ہیں۔
ہر پیٹرن کو بنانے کے لیے میں نے ایک اصول
کا استعمال کیا ہے۔

اس پیٹرن کا اصول ہے کہ ہر دو لڑکوں کے بعد ایک لڑکی ہے۔ اسی کو بار بار دہرایا گیا ہے۔

اس پیٹرن میں ایک تیر اوپر کی طرف ہے اور ایک نیچے کی طرف ہے۔
اور پھر اسی کو بار بار دہرایا گیا ہے۔

مشق کا وقت

- نیچے کچھ پیٹرن دیئے گئے ہیں۔

ہر پیٹرن کا اصول معلوم کیجیے اور پیٹرن کو پورا کیجیے۔

(A)

(B) A A B A A B

(C)

(D)

(E)

(F) صبح، دوپہر، شام، رات، صبح ________.........

بڑھتے ہوئے پیٹرن

میں نے ایک نیا پیٹرن بنایا ہے۔

لیکن یہ پیٹرن تو بڑھتا ہی جا رہا ہے۔
دہرایا نہیں جا رہا ہے۔

تو کیا ہوا؟ اس کا بھی
کوئی اصول تو ہے۔

کیا آپ اس میں کوئی اصول تلاش کر کے پیٹرن کو آگے بڑھا سکتے ہیں؟

انہیں بھی آگے بڑھائیے۔

اپنے پیٹرن

- یہاں خالی جگہ دی گئی ہے اس میں آپ اپنے پیٹرن بنایئے۔

.1

.2

.3

.4

- اپنے دوستوں سے کہیے کہ وہ آپ کے بنائے ہوئے پیٹرن کو آگے بڑھائیں۔

عددی پیٹرن

- ہم نے تصویروں سے کچھ پیٹرن بنائے ہیں۔ ہم اعداد سے پیٹرن بھی بنا سکتے ہیں۔ جیسے

21,41,61,81,101,......

اگلا عدد تو آپ کو پتہ ہے نا؟

یہ ایک بڑھتا ہوا پیٹرن ہے۔ یہ آگے اور آگے بڑھتا جائے گا۔

21,41,61,81,101,.121,141,161,.....

A. اصول تلاش کرو اور ان بڑھتے ہوئے پیٹرن کو آگے بڑھاؤ۔

(a) 51, 56, 61, 66, ____, ____.......

(b) 7, ____ 21, 28, 35, ____, ____.......

(c) 2, 4, 8, 16, 32, ____, ____, ____

(d) 12A, 13B, 14C, ____, ____

B. ان بڑھتے ہوئے پیٹرن کو دیکھیے۔ معلوم کیجیے کہ ہر عدد میں کیا جمع کریں کہ اگلا عدد حاصل ہو جائے؟

(a) 1, 3, 6, 10, ____, ____, ____, ____

(b) 0, 2, 6, 12, ____, ____, ____, ____

(c) 1, 3, 7, 13, ____, ____, ____, ____

(d) 2, 3, 6, 11, 18, ____, ____, ____, ____

یہ سبق بچوں کو اپنے آس پاس پیٹرن ڈھونڈنے اور انہیں سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔ ان کو دہرائے جانے والے بڑھتے ہوئے پیٹرن کی اور بھی مثالیں دی جا سکتی ہیں۔ انہیں 'خفیہ' یا ان اکائیوں کو پہچاننا ہے جن سے یہ پیٹرن بنے ہیں۔ خفیہ پیغام یا کوڈ بنانا بھی پیٹرن کی پہچان کرنے میں مدد کرتا ہے۔ جیسے جیسے بچوں کی الجبرے کی سمجھ میں اضافہ ہوتا ہے انہیں احساس ہوگا کہ لڑکا/لڑکی کے اصول سے تیار ہونے والا پیٹرن AAB یا ↓↑↑ الگ نہیں ہے۔ کچھ دلچسپ اور اہم عددی پیٹرن بھی دیے گئے ہیں جن کا تعلق ریاضیاتی عملیات سے ہے۔

خفیہ پیغامات

امریتا اور پریتوش ایک دوسرے کو خفیہ پیغام لکھ رہے ہیں۔

313N 3T3H3E
3C3A3N3T3E3E3N

3W3H3E3R3E
3A3R3E 3Y3O3U

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ وہ کیا کہنا چاہ رہے ہیں نیچے دو اور خفیہ پیغامات ہیں ۔ پیٹرن کو دیکھیے اور خفیہ پیغام معلوم کیجیے۔

1 I 2 L 3 O 4 V 5 E 6 Y 7 O 8 U

ATBHCIDS EBFOGOHK IIJS KFLUMN

اب آپ بھی اپنے خفیہ پیغام لکھیے۔

____

____

____

جفت اور طاق اعداد کے پیٹرن۔

91	92	93	94	95	96	97	98	99	100
81	82	83	84	85	86	87	88	89	90
71	72	73	74	75	76	77	78	79	80
61	62	63	64	65	66	67	68	69	70
51	52	53	54	55	56	57	58	59	60
41	42	43	44	45	46	47	48	49	50
31	32	33	34	35	36	37	38	39	40
21	22	23	24	25	26	27	28	29	30
11	12	13	14	15	16	17	18	19	20
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10

ان اعداد میں آدھے اعداد پیلے رنگ کے خانوں میں ہیں۔ ان اعداد میں آپ کو کیا پیٹرن نظر آرہے ہیں؟

اسی پیٹرن کو آگے بڑھائیے اور خالی جگہوں کو بھریے۔

96,98,___,102,___,___,___,___,___

آپ اس پیٹرن کو کتنا آگے تک بڑھا سکتے ہیں؟

ان اعداد کا ایک خاص نام ہے۔ ان کو جفت اعداد کہتے ہیں۔

کیا ان جفت اعداد میں سے کوئی بھی عدد 3 یا 5 پر ختم ہو رہا ہے۔

جفت اعداد کن اعداد پر ختم ہوتے ہیں۔

نیلے، رنگ کے اعداد کے پیٹرن کو دیکھیے۔ پیٹرن کو آگے بڑھائیے اور خالی جگہوں کو بھریے۔

99,101,___,105,107,___,___,___

نیلے رنگ والے اعداد کن اعداد پر ختم ہو رہے ہیں۔

وہ تمام اعداد جو 1، 3، 5، 7 یا 9 پر ختم ہوتے ہیں طاق اعداد کہلاتے ہیں۔

400 اور 410 کے درمیان کے تمام طاق اعداد لکھیے۔

155 اور 165 کے درمیان کے تمام جفت اعداد لکھیے۔

اگر ہم کسی طاق عدد میں 1 جوڑیں تو ہم کو ایک جفت/ طاق عدد ملے گا۔ ________________

اگر ہم کسی جفت عدد میں 1 جوڑیں تو ہم کو ایک جفت/ طاق عدد ملے گا۔ ________________

کسی طاق عدد میں جب آپ ایک جفت عدد جوڑیں گے تو آپ کو کیا ملے گا؟

نام ترتیب میں

عادل کو نیچے دی گئی فہرست کو اس طرح ترتیب دینی ہے کہ الف سے شروع ہونے والے نام سب سے پہلے آئیں پھر ب، س، ش وغیرہ کے آئیں۔ جو نام سب سے پہلے آئے گا اس کے سامنے الف لکھیں گے۔ اسی ترتیب سے سبھی کے نام لکھیں۔

جلج کو اپنے خاص نام پر فخر ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ میرا نام اگر الٹا بھی پڑھا جائے تو یہ میرا نام ہی پڑھا جائے گا۔

درج ذیل ناموں میں کن ناموں کے پیٹرن ایسے ہیں؟ (✓) کا نشان لگایئے۔

ہرش، انا، کنک، مُنّا، اونگی۔